تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 20, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ اسکول کی مختلف جماعتوں میں تعلیمی سال دو ہزار پچیس اور چھبیس کے لیے نشستوں میں اضافہ کیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے یونیورسٹی کے زیر انتظام چلنے والے جامعہ اسکولوں میں نشستوں کی تعداد میں اضافہ کیا ہے۔ یونیورسٹی کے حاکم مقتدر نے مورخہ سات فروری دو ہزار پچیس کو بلائی گئی پروسپیکٹس ڈرافت کمیٹی کی خصوصی میٹنگ کی سفارشات کے پیش نظر تعلیمی سال دو ہزار پچیس اور چھبیس سے نشستوں میں اضافے کو منظوری دی ہے۔

جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول کی نویں جماعت میں تیس سیٹ سے بڑھا کر اب چالیس سیٹیں کر دی گئی ہیں ۔اسی طرح گیارہویں جماعت کے آرٹس میں بھی تیس سیٹوں سے بڑھا کر چالیس سیٹیں کر دی گئی ہیں۔

سید عابد حسین سینئر سیکنڈری اسکول کے پریپ اور چھٹی جماعتوں میں چالیس سیٹوں سے بڑھا کر اسّی سیٹیں کر دی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ گیارہویں جماعت کے آرٹس میں ستر سیٹ سے بڑھا کر سیٹوں کی تعداد اسّی کر دی گئی ہے۔

جامعہ گرلس سینئر سیکنڈری اسکول میں سائنس اور کامرس کی گیارہویں جماعتوں میں بالترتیب پچاس سیٹ سے بڑھا کر اسّی سیٹیں کر دی گئی ہیں۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی